وقت کی قدر کیجئے

مع

وقت ضائع کرنے والے چند اُمور

07-April-2022

ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں ہونے والا

سنتوں بھرا بیان

(For Islamic Brothers)

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الۡمُرۡسَلِیۡنَ ط

اَمَّا بَعۡدُ! فَاَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ ط بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلَیۡکَ یَا رَسُوۡلَ اللّٰہ وَعَلٰی اٰلِکَ وَ اَصۡحٰبِکَ یَا حَبِیۡبَ اللّٰہ

اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلَیۡکَ یَا نَبِیَّ اللّٰہ وَعَلٰی اٰلِکَ وَ اَصۡحٰبِکَ یَا نُوۡرَ اللّٰہ

نَوَیۡتُ سُنَّتَ الۡاِعۡتِکَاف (ترجمہ: میں نے سنّتِ اعتکاف کی نیّت کی)

پیارے پیارے اسلامی بھائیو! جب کبھی داخلِ مسجد ہوں، یاد آنے پر اِعتِکاف کی نِیَّت کرلیا کریں کہ جب تک مسجد میں رہیں گے اِعتِکاف کا ثواب مِلتا رہے گا۔ **یادرکھئے!** مسجد میں کھانے، پینے، سونے یا سَحَری، اِفطاری کرنے، یہاں تک کہ آبِ زم زم یادَم کیاہواپانی پینے کی بھی شَرعاً اِجازت نہیں، اَلبتَّہ اگر اِعتِکاف کی نِیَّت ہو گی تو یہ سب چیزیں بھی جائز ہو جائیں گی۔ اِعتِکاف کی نِیَّت بھی صِرف کھانے، پینے یا سونے کے لئے نہیں ہونی چاہئے بلکہ اِس کا مقصد اللہ کریم کی رِضا ہو۔ **"فتاوٰی شامی"** میں ہے: اگر کوئی مسجد میں کھانا، پینا، سونا چاہے تو اِعتِکاف کی نِیَّت کرلے، کچھ ذِکۡرُ اللہ کرے، پھر جو چاہے کرے (یعنی اب چاہے تو کھا پی یا سو سکتا ہے)

دُرود شریف کی فضیلت

سرکارِ والا تَبار، ہم بے کسوں کے مدد گار، شفیعِ روزِ شُمار صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ کا فرمانِ نجات ہے:

مَنۡ صَلّٰی عَلَیَّ مِاءَۃً کَتَبَ اللّٰہُ بَیۡنَ عَیۡنَیۡہِ بَرَاءَۃً مِّنَ النِّفَاقِ وَبَرَاءَۃً مِّنَ النَّارِ وَاَسۡکَنَہُ اللّٰہُ یَوۡمَ الۡقِیَامَۃِ مَعَ الشُّھَدَاءِ

یعنی جو شخص مجھ پر سو(100) مرتبہ دُرُودِ پاک پڑھے گا اللہ پاک اُس کی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھ دے گا کہ یہ شخص نِفاق اور جَہَنَّم کی آگ سے آزاد ہے اور اُسے بروزِ قیامت شہیدوں کے

ساتھ رکھے گا۔(معجم اوسط، من اسمہ محمد، ۵/۲۵۲، حدیث: ۷۲۳۵)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب!　　　صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم: اَفْضَلُ الْعَمَلِ اَلنِّیَّۃُ الصَّادِقَۃُ سچی نیت سب سے افضل عمل ہے۔[1] اے عاشقانِ رسول! ہر کام سے پہلے اچھی اچھی نیتیں کرنے کی عادت بنایئے کہ اچھی نیت بندے کو جنت میں داخل کر دیتی ہے۔ بیان سننے سے پہلے بھی اچھی اچھی نیتیں کر لیجئے! مثلاً نیت کیجئے! ☜ عِلْم سیکھنے کے لئے پورا بیان سُنوں گا ☜ بااَدب بیٹھوں گا ☜ دورانِ بیان سُستی سے بچوں گا ☜ اپنی اِصلاح کے لئے بیان سُنوں گا ☜ جو سُنوں گا دوسروں تک پہنچانے کی کوشش کروں گا۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب!　　　صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

پیارے پیارے اسلامی بھائیو! اللہ پاک کا کروڑہا کروڑ احسان ہے کہ اُس نے ہمیں ایک دفعہ پھر ماہِ رمضان کا مہینا دیکھنا نصیب کیا اس مہینے کے تو کیا ہی کہنے ہیں اس کی تو ہر ہر گھڑی رحمت بھری ہے اس مہینے میں نیکیوں کا ثواب بہت بڑھ جاتا ہے، نفل کا ثواب فرض کے برابر اور فرض کا ثواب بڑھا کر ستر گنا کر دیا جاتا ہے۔ لہٰذا ہمیں اس مہینے کے ایک ایک لمحے کو غنیمت جاننا چاہیے اور اس کو غفلت میں گنوانے کے بجائے زیادہ سے زیادہ نیک کاموں میں گزارنا چاہیے۔ یاد رکھئے گزرا ہوا وقت کبھی لوٹ کر نہیں آتا، رمضان المبارک کے ان بابرکت لمحات کی قدر کیجئے۔ آج کے ہمارے بیان کا موضوع وقت کی قدر ہے۔ آیئے! سب سے پہلے مکتبۃُ المدینہ کی کتاب **"قُوتُ الْقُلُوب"** کے صفحہ نمبر 474 سے ایک سبق آموز حکایت سنئے اور وقت کی قدر کو جانئے چنانچہ

1... جامع صغیر، صفحہ: 81، حدیث: 1284۔

غفلت کی نیند اور زندگی کی بربادی

کسی (نادان شخص) نے ایک حکیم سے کہا: میرے سامنے کسی ایسی چیز کی خوبیاں بیان کیجئے جس کے اِستِعمال سے میں دن کے وَقْت بھی سوتا رہوں۔ حکیم نے کہا: اے فُلاں! تُو کتنا کم عَقل ہے! تیری عُمر کا آدھا حِصّہ تو پہلے ہی (رات کو غفلت میں) سوتے ہوئے گزر رہا ہے، حالانکہ نیند مَوْت کا دوسرا نام ہے، اب تُو اپنی عُمر کے (4 حصوں میں سے) تین چوتھائی (3/4) حِصّے کو مزید نیند کی نَذر کرنا چاہتا ہے اور صرف ایک چوتھائی (1/4) حِصّے کی زندگی؟ تو اُس بندے نے پوچھا: وہ کیسے؟ اُس حکیم نے بتایا: مثلاً تیری عُمر 40 سال ہو تو آدھی عُمر 20 سال ہو گی اور تُو اِسے بھی مزید 10 سال بنانا چاہتا ہے (یعنی جب دن کو بھی مزید سویا رہے گا تو مزید 10 سال کم ہو جائیں گے اور تیرے پاس آخِرت میں کام آنے والے اعمال جمع کرنے کے لیے صِرف 10 سال ہی باقی بچیں گے، لہٰذا زیادہ سونے کی خواہش کو دل سے نکال دے۔) (قُوْتُ القلوب، فصل ۲۷، ۱/۷۴ ملخصاً)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

پیارے پیارے اسلامی بھائیو! آپ نے سنا کہ اس عقلمند شخص نے زیادہ سونے کی آرزو رکھنے والے شخص کی کیسے اچّھے اَنداز میں اِصلاح فرمائی اور اُسے فِکْرِ آخِرت کا کیسا مَدَنی ذِہن دینے کی کوشش کی، بَیان کردہ واقعے میں بالخُصُوص اُن نادانوں کے لئے عِبرت کا سامان مَوْجُود ہے جن کا اکثر وَقْت صرف سونے میں یا بیماروں کی طرح بستر پر پڑے رہنے میں ہی گزر جاتا ہے، ایسے لوگوں کو نہ تو نَمازوں کا ہوش ہوتا ہے اور نہ ہی گھر والوں کے حُقوق کی پروا۔ یاد رکھئے! بِلا وجہ زیادہ سونا ایک ایسی بُری عادت ہے جو وَقْت کی شدید بَربادی کے ساتھ ساتھ دنیا و آخِرت میں ذِلّت و رُسوائی کا باعِث ہے،

چنانچہ

حُجَّۃُ الْاِسلام حضرت امام محمد غزالی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہِ کیمیائے سعادت میں فرماتے ہیں: ”روزہ دار کے لئے سُنّت یہ ہے کہ دِن کے وَقت زیادہ دیر نہ سوئے بلکہ جاگتا رہے تاکہ بُھوک اور ضُعف (یعنی کمزوری) کا اَثر محسوس ہو۔“ (کیمیائے سعادت ص ۱۸۵) (اگرچِہ افضل کم سونا ہی ہے پھر بھی اگر ضروری عبادات کے علاوہ کوئی شخص سویا رہے تو گنہگار نہ ہو گا)

پیارے اسلامی بھائیو! صاف ظاہر ہے کہ جو دِن بھر روزہ میں سو کر وَقت گُزار دے اُس کو روزہ کا پتا ہی کیا چلے گا؟ ذرا سوچو تو سہی! حُجَّۃُ الْاِسلام حضرت اِمام مُحَمَّد غزالی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہِ تو زیادہ سونے سے بھی مَنْع فرماتے ہیں کہ اِس طرح بھی وَقت فالتو ”پاس“ ہو جائے گا۔ تو جو لوگ کھیل تماشوں اور حرام کاموں میں وَقت برباد کرتے ہیں وہ کس قَدَر مَحرُوم و بدنصیب ہیں۔ اِس مُبارک مہینے کی قَدر کیجئے، اِس کا اِحترام بجالایئے، اِس میں خُوش دِلی کے ساتھ روزے رکھئے اور اللہ پاک کی رِضا حاصِل کیجئے۔

اے ہمارے پیارے پیارے اللہ پاک فیضانِ رَمَضان سے ہر مسلمان کو مالا مال فرما۔ اس ماہِ مبارک کی ہمیں قدْر و منزِلت نصیب کر اور اس کی بے ادبی سے بچا۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

پیارے پیارے اسلامی بھائیو! وَقت کی قَدْر سے کیا مُراد ہے؟ وَقت کی قَدْر کیسے کی جائے؟ آیئے! اِس کو قرآنِ کریم کی اس آیتِ مبارکہ سے سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں، چنانچہ

پارہ 30 سُوْرَۃُ العَصْر کی آیت نمبر 1 تا 3 میں اللہ پاک ارشاد فرماتا ہے:

وَ الْعَصْرِ ﴿۱﴾ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ﴿۲﴾ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ تَوَاصَوْا

ترجمہ کنزُالعِرفان: زمانے کی قسم۔ بیشک آدمی ضرور خسارے میں ہے۔ مگر جو ایمان لائے اور انہوں نے

بِالْحَقِّ ۙ۬ وَ تَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۠﴿۳﴾ (پ۳۰،العصر: ۱ تا۳) اچھے کام کئے اور ایک دوسرے کو حق کی تاکید کی اور ایک دوسرے کو صبر کی وصیّت کی۔

حکیم الاُمَّت حضرت مفتی اَحمد یار خان نعیمی رَحۡمَۃُ اللّٰہِ عَلَیۡہ فرماتے ہیں:(اِنسان)اپنی اَصل پُونجی (یعنی) عُمر کو، کفر، گناہ، غفلت، دُنیا طَلَبی، کھیل کُود میں بَرباد کررہا ہے، اِسے آخِرت(کو بہتر)بنانے کا ذَرِیعَہ نہیں بناتا، اِنسان تاجِر ہے، زِندَگی اُس کی دُکان اور اَعمال دُکان کے سودے ہیں، اگر (اَعمال) اچھّے ہیں تو اُن کا خریدار خُدا پاک ہے اور جنّت اُن کی قیمت، اگر بُرے ہیں تو شَیطان خریدار ہے اور دوزَخ اُن کی قیمت، جیسا سوداویسے خریدار۔(تفسیر نورالعرفان،پ ۳۰،العصر، تحت الآیۃ:۲، ص ۹۹۴)

پیارے پیارے اسلامی بھائیو! یاد رکھئے! عقلمند شخص نہ تو خُود اپنا وَقْت ضائع کرتا ہے اور نہ ہی دُوسروں کا وَقْت بَرباد کرتا ہے بلکہ وہ تو اپنے وَقْت کی قَدْر کرتا، اپنے کام سے کام رکھتا، وَقْت کو اچّھے اچّھے کاموں میں صَرف کرتا اور دُوسروں کو اِس کی ترغیب دِلاتا ہے، ٹائم پاس کرنے کی سوچ رکھنے والوں کی اِصلاح کرتا اور فُضُول بات نکل جانے کی صورت میں فکرِ مدینہ کرتے ہوئے اپنا اِحتِسَاب بھی کرتا ہے۔ ہمارے بُزُرگانِ دِین رَحۡمَۃُ اللّٰہِ عَلَیۡہِمۡ اَجۡمَعِیۡن کا اس بارے میں زبردست مَدَنی ذہن بنا ہوا تھا۔ آیئے! ترغیب کے لئے ایک اِیمان اَفروز واقعہ سُنتے ہیں اور نصیحت کے مَدَنی پُھول چُنتے ہیں، چنانچہ

ٹائم پاس کرنے والے کی اِصلاح

مکتبۃُ المدینہ کی کتاب "اِحیاءُ العُلُوم" جِلد2 صَفْحہ نمبر 829 پر لکھا ہے: حضرت ابُو علی فُضَیل بن عِیاض رَحۡمَۃُ اللّٰہِ عَلَیۡہ مسجدِ حَرام میں اکیلے تشریف فرما تھے، ایک دوست آپ رَحۡمَۃُ اللّٰہِ عَلَیۡہ کے پاس آیا ، آپ رَحۡمَۃُ اللّٰہِ عَلَیۡہ نے اُن سے آنے کا سبب دَرْیافت کیا، اُنہوں نے کہا: اے ابُو علی! میں آپ کے پاس

دل بہلانے کے لئے آیا ہوں۔ آپ نے فرمایا: اللہ پاک کی قسم! یہ تو گھبراہٹ دلانے والا کام ہے! تم یہی چاہتے ہو کہ تم میرے لئے اپنا کلام خُوبصورت کرو، میں تمہارے لئے اپنا کلام آراستہ کروں، تم میرے لئے جھوٹ بولو اور میں تمہارے لئے جُھوٹ بولوں؟ (لہٰذا بہتری اِسی میں ہے کہ) یا تو تم میرے پاس سے چلے جاؤ یا میں تمہارے پاس سے چلا جاتا ہوں۔ (اِحیاءُالعُلوم، ۲/۲۸۷ ملخصاً)

اَمیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ اور وقت کی قدر

پیارے پیارے اسلامی بھائیو! آپ نے سنا کہ ہمارے بُزرگانِ دِین رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیۡہِمۡ اَجۡمَعِیۡن کا وَقت کس قدر احتیاط والے انداز میں گُزرتا تھا، اگر اُن کا کوئی دوست صرف اِس لئے آتا کہ تھوڑا دل بہل جائے اور کچھ ٹائم پاس ہو جائے تو یہ حضرات اُسے وَقت کی اَہمیّت پر مَدَنی پھول عطا فرماتے اور وَقت کی بَربادی کے نُقصانات بتا کر اُس کی اِصلاح فرماتے۔ آج کے اِس نازک دور میں شَیۡخِ طریقت، اَمیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ بُزرگانِ دِین رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیۡہِمۡ اَجۡمَعِیۡن کی یاد تازہ کرنے والی وہ عظیم ہستی ہیں جن کا ہر عمل ہمارے لئے لائقِ عمل ہے، آپ دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے اپنے وَقت کو ایک بہترین انداز میں تقسیم کیا ہوا ہے، چنانچہ نَماز، اَوْرَاد و وَظائف، مدنی مُذاکرے، مُطَالَعَہ، نَفل روزے، نَوافِل کی ادائیگی، مَدَنی مشورے، سَحَری و اِفطار، اپنے مریدوں، طالب ہونے والوں اور عُلَما و عوام سے مُلاقات، مَریضوں کی عِیادت، مرحومین کے رشتے داروں سے تعزیت، مدنی کاموں کی ترقی پر ذمہ دارانِ دعوتِ اسلامی کی حوصلہ افزائی کے مدنی پھول، اَہلِ خانہ کی ضرورت، اپنی اولاد کی مَدَنی تربیت کے ساتھ ساتھ نواسوں، نواسیوں، پوتوں اور پوتیوں کی دینی تَربِیَت، تَحریری کام، آرام اور زِندَگی کے بے شُمار مَعمولات کو مُختلِف اَوقات میں تقسیم کرکے اِستِقَامَت سے اس پر عمل وَقت کی قَدر کرنے کا مُنہ بولتا

ثُبوت ہے۔ آپ دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی دِینی و تنظیمی کامیابیوں کی بہترین مثال دنیا بھر میں عاشقانِ رسول کی دینی تحریک دعوتِ اسلامی کا مَدَنی پیغام کم و بیش 80 سے زائد شعبہ جات کے قِیام کے ساتھ ساتھ **"کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، غِیبت کی تباہ کاریاں، نیکی کی دعوت، وسائلِ بخشش**، بارہ (12) رَسائل کا مجموعہ **"نماز کے اَحکام، فَیضانِ سُنّت جلد اول اور دوم، پردے کے بارے میں سُوال جواب"** اور فِقْہی مسائل، قَبر و آخِرت، طِبّ اور دیگر کئی موضوعات پر سینکڑوں مَدَنی مذاکرے اور ہزارہا صَفْحات پر مُشْتَمِل تحریری مَواد بھی ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ آپ دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے مسلمانوں کے دل و دماغ میں وَقْت کی اَہَمِیَّت کا اِحساس بیدار کرنے اور اُن کے سینوں میں بُزرگوں کی مَدَنی سوچ مُنْتَقِل کرنے کے لئے قرآنی آیات، اَحادیثِ مُبارَکہ، اَقْوالِ بُزرگانِ دِین اور نصیحت سے بھرپور مَدَنی پھولوں سے آراستہ **"انمول ہیرے"** نامی ایک رِسالہ بھی تحریر فرمایا ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ شعبہ تراجم کی طرف سے اِس رِسالے کا مختلف زبانوں میں ترجمہ بھی ہو چکا ہے، ان میں عربی، انگلش، ہندی، گجراتی اور سندھی وغیرہ شامل ہیں۔ یہ رسالہ مکتبۃُ المدینہ کے بستے (Stall) سے ھَدِیَّۃً طَلَب فرما کر خود بھی مُطَالَعَہ کیجئے اور دوسرے اسلامی بھائیوں کو بھی تُحْفَۃً پیش کیجئے۔ دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ **www.dawateislami.net** سے اِس رِسالے کو پڑھا بھی جا سکتا ہے، ڈاؤن لوڈ (Download) اور پرنٹ آؤٹ (Print Out) بھی کِیا جا سکتا ہے۔

اللہ پاک کی رحمت سے امیرِ اہلسنَّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے وقت کی قدر کی اور پھر عاشقانِ رسول کی مَدَنی تحریک دعوتِ اسلامی کو وہ **عظیم مقبولیت** ملی کہ دُنیا بھر میں دعوتِ اسلامی کی **نیک نامی** کے ڈَنکے بجنے لگے، اس تحریک کے دینی کاموں کا اِعتراف اور حوصلہ افزائی نہ صرف عوام نے کی بلکہ عُلمائے کرام بھی اس کے دینی کاموں کی تعریفیں فرماتے اور اپنی دعاؤں سے نوازتے ہیں۔ اے

کاش! امیر اہلسنت کے صدقے ہمیں بھی دین کی خدمت کا جذبہ نصیب ہو جائے اور ہم بھی ذیلی حلقے کے 12 دینی کاموں میں حصّہ لے کر دین متین کی خدمت میں کامیاب ہو جائیں۔

"علاقائی دورہ"

پیارے پیارے اسلامی بھائیو! اگر ہم بھی چاہتے ہیں کہ شیخِ طریقت، امیر اہلسُنّت دَامَتْ بَرَکَاتُهُمُ الْعَالِيَه کی صُحبت کی برکت سے وَقْت کی قَدْر جیسی عظیم دَولَت نصیب ہو جائے تو لمحہ بھر کی تاخیر کئے بغیر آج بلکہ ابھی سے وَقْت کی قدر دلانے والی عظیم، مسجد بھر و تحریک دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول سے وابستہ ہو کر 12 دینی کاموں میں شامل ہو کر دِین کے پیغام کو عام کرنے کی نِیَّت کر لیجئے، اِنْ شَآءَ اللہ اس کی ڈھیروں برکتیں اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے۔ نیز ذیلی حلقے کے 12 دینی کاموں میں شرکت کرنے والے بن جایئے۔

یاد رہے! ذیلی حلقے کے 12 دینی کاموں میں سے ایک دینی کام **"علاقائی دورہ"** بھی ہے۔ اس دینی کام کے بے شمار فائدے ہیں، مثلاً مسجد آباد رہتی ہے، علاقے میں خوب دینی کام پھیلتا ہے، نئے نئے اسلامی بھائی دینی ماحول کے قریب آتے ہیں، بے نمازیوں کو نمازی بنانے کی سعادت نصیب ہوتی ہے، امیرِ اہلِ سُنَّت دَامَتْ بَرَکَاتُهُمُ الْعَالِيَه کی دعاؤں سے حِصَّہ اور نیکی کی دعوت دینے کا موقع ملتا ہے۔

وقت ضائع کرنے والے اُمور

پیارے پیارے اسلامی بھائیو! ہم میں سے ہر ایک کو چاہیے کہ رمضان المبارک کے قیمتی لمحات فُضول کاموں میں برباد کرنے کے بجائے دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول سے وابستہ ہو کر دُنیا و آخِرت میں کامیاب ہونے والے کام کریں۔ مگر افسوس! کثیر لوگ اپنا وقت ضائع کر کے اُس پر

شرمندہ ہونے اور پچھتانے کے بجائے فخر محسوس کرتے ہیں۔

انٹرنیٹ(Internet)

پیارے پیارے اسلامی بھائیو! وَقْت ضائع کرنے کا ایک بہت بڑا ذریعہ انٹرنیٹ بھی ہے۔ یاد رکھئے! انٹرنیٹ کا دُرُست استعمال سے جہاں بے شُمار فائدے حاصل ہوتے ہیں، وہیں اس کے غلط اور غیر ضروری استعمال کی وجہ سے کئی نُقصانات کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے، ان میں سے ایک بہت بڑا نُقصان وَقْت کا برباد ہونا بھی ہے۔ بعض لوگ انٹرنیٹ، فیس بُک(Facebook) اور واٹس ایپ (Whatsapp) کے ایسے عادی ہوچکے ہیں کہ ایک لمحے کیلئے بھی موبائل فون نہیں چھوڑتے، وقفے وقفے سے اپنے سونے جاگنے، گھومنے پھرنے، شاپنگ کرنے، کھانے پینے اور دیگر کئی مُعاملات اپنے دوستوں سے شیئر(Share) کرتے ہیں، بے شرمی وبے حیائی کی حدوں کو توڑتے ہوئے بے پردہ لڑکیاں بھی کسی سے پیچھے رہنے کو تیار نہیں، وہ بھی اپنی بے ہُودہ تصاویر(Pictures) عام کرنے میں فخر محسوس کرتی ہیں۔ ہماری نوجوان نسل(New Genretion) انٹرنیٹ کے غلط استعمال میں اس قدر مشغول ہوچکی ہے کہ وہ اپنے گھنٹوں اس میں ضائع کردیتی ہے۔ اگر کسی دن استعمال نہ کرسکیں تو عجیب سی بے چینی محسوس کی جاتی ہے اور ٹائم پاس نہیں ہوتا۔ ذرا سوچئے! کسی دن قرآنِ پاک کی تلاوت نہ کرسکنے پر اس قدر بے چینی اور اُداسی ہُوئی؟ اِشراق وچاشت یا تہجد کے نوافل ادا نہ کرسکنے پر اس قدر بے چینی ہوئی؟ **اے کاش!** ہمیں **تِلاوتِ قرآن کا ذوق وشوق** نصیب ہوجائے، **اے کاش!** ہمیں **کثرتِ عبادت** کی توفیق نصیب ہو جائے۔

موبائل فون

پیارے پیارے اسلامی بھائیو! جس طرح انٹرنیٹ کا صحیح استعمال کرنے سے کثیر دِینی اور دُنیوی فوائد حاصل ہوسکتے ہیں، اِسی طرح موبائل فون کا ضروری استعمال بھی ہمارے کاروباری مُعاملات، رشتے داروں سے تعلُّقات، دوستوں سے مُلاقات اور دیگر ضروریات کیلئے ہمارا مددگار ہے۔ مگر ہم نے اسے وقت ضائع کرنے کا شاید ایک آلہ سمجھ رکھا ہے، بالخصوص نوجوان لڑکے اور لڑکیاں اس کا غلط اور بے جا استعمال کرتے ہوئے سارا سارا دن ویڈیو گیمز کھیلتے اور ایسے فُضُول sms بھیجتے ہیں، جن میں عجیب و غریب مذاق و اَشعار، اخلاقیات کو بگاڑنے والے اور بعض اوقات تو ایسے غیر شرعی کلمات ہوتے ہیں جن کی وجہ سے حکمِ کفر لازم آتا ہوگا۔ مزید یہ کہ ایسے sms پڑھ کر مَعَاذَاللّٰہ خُوشی کا اِظہار کرکے دُوسروں کو بھی بھیجتے ہیں۔ یادرہے! اس طرح سارا دن موبائل فون کا استعمال آنکھیں کمزور ہونے، تعلیمی نقصان ہونے، غور و فکر کی صلاحیت ختم ہونے، پیسے اور زندگی کے قیمتی لمحات ضائع کرنے کا بھی سبب ہے۔ اگر ہمارے پاس موبائل فون ہے تو ہمیں اپنا پیسہ اور قیمتی وقت بچاتے ہوئے اس کا صحیح استعمال کرنا چاہیے، موبائل فون پر گانے سننے کے بجائے مکتبۃ المدینہ سے شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ، نگرانِ شُوریٰ اور دیگر مُبَلِّغِینِ دعوتِ اسلامی کے سُنَّتوں بھرے بیانات، نعت و تلاوت، فرض عُلوم کورس، عِلْمِ دِین سے مالامال رنگ برنگے قِیمتی مَدَنی پھولوں کی خوشبوؤں سے مہکتے ہوئے مَدَنی مذاکروں والے میموری کارڈ ھدیۃً طلب کیجئے اور توجہ کے ساتھ سُنئے۔ جی ہاں! عِلْمِ دین کا شوق رکھنے والوں کے لیے دعوتِ اسلامی کے شعبے آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے مختلف **اپلی کیشنز** (Applications) بھی منظرِ عام پر آچکی ہیں، مثلاً **"مولانا محمد اِلیاس قادِری"، "الحاج عبید رضا عطاری"، "حاجی محمد عمران عطاری"، "اَوْقَاتُ الصَّلٰوۃ** (Prayer Time)**"، "القرآنُ الکریم"، "رُوحانی علاج"، "نیک اعمال"، "مَدَنی چینل"، "دارُ الافتاء اَہلسنّت"، "حج و عمرہ"، "ذہنی آزمائش (کوئز ایپلی کیشن)"، "کَلِمَہ اینڈ دُعا"، "تجہیز و**

تکفین"، "**کلامِ اعلیٰ حضرت**" اور "**مَدَنی قاعدہ**" وغیرہ۔ ان اپلی کیشنز (Applications) کے ذریعے بھی معلومات کا ڈھیروں خزانہ ہاتھ آئے گا۔ اِنْ شَآءَاللہ

شعبہ اوقات الصلوۃ:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ دعوتِ اسلامی نیکی کی دعوت عام کرنے اور سُنَّتوں کی دُھومیں مَچانے کیلئے 80 سے زائد شُعْبہ جات میں کام کر رہی ہے۔ اِنہی میں سے ایک شُعْبہ "اوقات الصلوۃ" بھی ہے، جس نے علمِ توقیت کے ذَرِیعے نمازوں کے اَوْقات، طُلُوع وغُروب اور سمتِ قِبلہ کی دُرُست مَعْلُومات نَقْشہ کی صُورت میں جمع کی ہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ اوقات الصلوۃ نے اب تک نہ صِرف عِلْمِ تَوقیت کے اُصُول وقَوانین کے مُطابِق بے شُمار شہروں کے اَوْقاتُ الصَّلٰوۃ کے نَقْشہ جات تیار کئے ہیں بلکہ اس سلسلے میں مزید ایک قَدَم بڑھاتے ہوئے عاشقانِ رسول کی مدنی تحریک دعوتِ اسلامی کے مایہ ناز شعبے "آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ" کے تعاوُن سے ایک اَپلیکیشن بنام "Prayer Times" بھی مُتعارَف کروائی ہے جو موبائل وغیرہ پر دُرُسْت نمازوں کے وَقْت کی نِشاندہی میں حَدْ دَرَجہ مُفید ہے۔ چُنانچہ کمپیوٹر (ڈیسک ٹاپ اپلی کیشن، Desktop Application) کے ذَرِیعے دُنیا بھر کے تقریباً 27 لاکھ مَقامات جبکہ موبائل اپلی کیشنز کے ذریعے تقریباً 10 ہزار مَقامات کے لئے دُرُسْت اَوْقاتِ نماز وسَمتِ قِبلہ بآسانی مَعْلُوم کر سکتے ہیں۔

کھیل کُود میں وَقت بَرباد کرنا

آیئے! شیخِ طریقت امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا الیاس قادری دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی تصنیف "فیضانِ رمضان" سے ایک عِبرت انگیز حِکایت سنئیے اور اور خوفِ خداوندی سے لرزیئے! خاص کر وہ لوگ اِس حِکایت سے دَرسِ عِبرت حاصِل کریں جو روزہ رکھنے کے باوُجود تاش، شَطْرَنج، لُڈّو، وِڈیو گیمز، فِلمیں ڈرامے،

گانے باجے وغیرہ وغیرہ بُرائیوں سے باز نہیں رہتے۔چُنانچِہ مَنقُول ہے،

قبر کا بھیانک منظر!

ایک بارامیرُ الْمُؤمِنین حضرتِ مولائے کائنات، علیُّ الْمُرتَضٰی شیرِ خدا(کَرَّمَ اللہُ وَجھَہُ الْکَرِیْم)زیارتِ قُبُور کے لئے کوفہ کے قَبرِستان تشریف لے گئے۔وہاں ایک تازہ قَبر پر نظر پڑی۔ آپ کو اُس کے حالات معلوم کرنے کی خواہِش ہوئی۔چُنانچِہ بارگاہِ خُداوندی میں عَرض گُزار ہوئے،"یااللہ پاک !اِس مَیِّت کے حالات مجھ پر مُنْکَشِف(یعنی ظاہِر)فرما۔" اللہ پاک کی بارگاہ میں آپ کی اِلتِجا فوراً مَسْمُوع ہوئی(یعنی سُنی گئی)اور دیکھتے ہی دیکھتے آپ کے اور اُس مُردے کے درمیان جتنے پردے حائل تھے تمام اٹھادیئے گئے۔اب ایک قَبر کا بھیانک منظر آپ کے سامنے تھا۔کیا دیکھتے ہیں کہ مُردہ آگ کی لَپیٹ میں ہے اور رَو رَو کر آپ کَرَّمَ اللہُ وَجھَہُ الْکَرِیْم سے اِس طرح فریاد کر رہاہے:"یَاعَلِیُّ! اَنَاغَرِیْقٌ فِی النَّارِ وَحَرِیْقٌ فِی النَّارِ"۔

یعنی یا علی !(کَرَّمَ اللہُ وَجھَہُ الْکَرِیْم) میں آگ میں ڈوباہواہوں اور آگ میں جل رہاہوں۔قَبْر کے دَہشتناک منظر اور مُردے کی دردناک پُکار نے حیدرِ کرّار کو بے قرار کردیا۔ آپ کَرَّمَ اللہُ وَجھَہُ الْکَرِیْم نے اپنے رَحمت والے پروَردگار کے دربار میں ہاتھ اُٹھادیئے اور نہایت ہی عاجِزی کے ساتھ اُس مَیِّت کی بخشِش کیلئے درخواست پیش کی۔غیب سے آواز آئی،"اے علی!آپ اِس کی سِفارش نہ ہی فرمائیں کیوں کہ روزے رکھنے کے باوُجود یہ شخص رَمَضانُ الْمُبارَک کی بے حُرمتی کرتا،رَمَضانُ الْمُبارَک میں بھی گُناہوں سے باز نہ آتا تھا۔دن کو روزے تو رکھ لیتا مگر راتوں کو گُناہوں میں مُبْتَلا رہتا تھا۔مَولائے کائِنات علیُّ الْمُرتَضٰی شیرِ خدا کَرَّمَ اللہُ وَجھَہُ الْکَرِیْم یہ سُن کر اور بھی رنجیدہ ہوگئے اور سَجدے میں گِر کر رو رو کر عرض کرنے لگے،یااللہ!میری لاج تیرے ہاتھ میں ہے،اِس بندے نے بڑی اُمّید کے ساتھ مجھے پُکارا ہے،میرے مالِک!تُو مجھے اِس کے آگے

رُسوانہ فرما، اِس کی بے بَسی پر رَحم فرمادے اور اِس بیچارے کو بَخش دے۔ حضرت علی کَرَّمَ اللہُ وَجھَہُ الکَرِیم رَو رَو کر مُناجات کر رہے تھے۔ اللہ پاک کی رَحمت کا دریا جوش میں آگیا اور نِدا آئی، اے علی! ہم نے تمہاری شِکستہ دِلی کے سَبَب اِسے بَخش دیا۔ چُنانچِہ اُس مُردے پر سے عذاب اُٹھالیا گیا۔ (انیسُ الواعِظین ص ۲۵)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

وقت کو درست استعمال کرنے کے طریقے

موبائل فون و انٹرنیٹ کے غیر ضروری استعمال سے پرہیز کیجئے اور ضرورتاً سادہ اور سستا سا موبائل استعمال کیجئے ❀ حتی الامکان لکھ کر گفتگو کی عادت ڈالئے ورنہ کم سے کم الفاظ میں گفتگو کی ترکیب بنائیے ❀ وقت کی قدر کا جذبہ بڑھانے کے لئے خود کو زیادہ سے زیادہ نیکی کے کاموں میں مشغول رکھئے اور پورے دن کا ایک شیڈول بنالیجئے، جس میں فُضول اور وقت ضائع کرنے والے کام شامل نہ ہوں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

پانی میں اسراف سے بچنے کے مدنی پھول

پیارے پیارے اسلامی بھائیو! آیئے! شیخ طریقت، امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَه کے رسالے ''**وضو کا طریقہ**'' سے پانی میں اسراف سے بچنے کے بارے میں چند مدنی پھول سننے کی سعادت حاصل کرتے ہیں۔ پہلے 2 فرامین مصطفے صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ملاحظہ کیجئے: (1) فرمایا: وُضو میں بَہُت سا پانی بہانے میں کچھ خیر (بھلائی) نہیں اور وہ کام شیطان کی طرف سے ہے۔ (**کَنْزُ الْعُمّال**، ۹/۱۴۴، حدیث: ۲۶۲۵۵) (2) آقا عَلَیْہِ السَّلَام ایک شخص کو وُضو کرتے دیکھا، فرمایا: اِسراف نہ کر اِسراف نہ کر۔ (ابن ماجہ، کتاب الطہارۃ وسننہا، باب ماجاء فی القصد فی الوضوء۔۔۔الخ ۱/۲۵۴، حدیث: ۴۲۴) ✫ اگر وَقف پانی سے وُضو کیا تو

زِیادہ خَرچ کرنا بالاِتِّفاق حرام ہے (وضو کا طریقہ، ص ۴۲) ☆ بعض لوگ چُلّو لینے میں پانی ایسا ڈالتے ہیں کہ اُبل جاتا ہے حالانکہ جو گِرا بیکار گیا اس سے احتیاط چاہیئے۔ (وضو کا طریقہ، ص ۴۲) ☆ آج تک جتنا بھی ناجائز اِسراف کیا ہے، اُس سے توبہ کرکے آیندہ بچنے کی بھرپور کوشش شروع کیجئے۔ ☆ وُضو کرتے وقت نل احتیاط سے کھولئے، دَورانِ وُضو ممکنہ صورت میں ایک ہاتھ نل کے دستے پر رکھئے اور ضَرورت پوری ہونے پر بار بار نل بند کرتے رہیے۔ ☆ مِسواک، کُلّی، غَرغَرہ، ناک کی صفائی، داڑھی اور ہاتھ پاؤں کی اُنگلیوں کا خِلال اور مسح کرتے وقت ایک بھی قطرہ نہ ٹپکتا ہو یوں اچّھی طرح نل بند کرنے کی عادت بنایئے۔

اعلان:

پانی میں اسراف سے بچنے کی بقیہ سنّتیں اور آداب تربیتی حلقوں میں بیان کی جائیں گے لہٰذا یہ سنّتیں اور آداب سننے کیلئے تربیتی حلقوں میں ضرور شرکت کیجئے۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اِجتماع میں پڑھے جانے والے 6 دُرودِ پاک اور 2 دعائیں

(1) شبِ جُمعہ کا دُرُود

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ
الْحَبِیْبِ الْعَالِی الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ

بُزرگوں نے فرمایا کہ جو شخص ہر شبِ جُمعہ (جُمعہ اور جُمعرات کی دَرمیانی رات) اِس دُرُود شریف کو

پابندی سے کم از کم ایک مرتبہ پڑھے گا مَوت کے وَقْت سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی زِیارت کرے گا اور قَبْر میں داخل ہوتے وَقْت بھی، یہاں تک کہ وہ دیکھے گا کہ سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ اُسے قَبْر میں اپنے رَحْمت بھرے ہاتھوں سے اُتار رہے ہیں۔[1]

﴿2﴾ تمام گُناہ مُعاف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ

حضرتِ انس رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ سے روایت ہے کہ تاجدارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: جو شَخْص یہ دُرُودِ پاک پڑھے اگر کھڑا تھا تو بیٹھنے سے پہلے اور بیٹھا تھا تو کھڑے ہونے سے پہلے اُس کے گُناہ مُعاف کر دیئے جائیں گے۔[2]

﴿3﴾ رَحْمت کے سَتّر دروازے

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

جو یہ دُرُودِ پاک پڑھتا ہے تو اُس پر رَحْمت کے 70 دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔[3]

﴿4﴾ چھ لاکھ دُرُود شریف کا ثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰہِ صَلَاۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ مُلْکِ اللّٰہِ

حضرت اَحمد صاوِی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ بَعْض بُزرگوں سے نَقْل کرتے ہیں: اِس دُرُود شریف کو ایک

1...افضل الصلوات علی سید السادات، الصلاۃ السادسۃ والخمسون، ص ۱۵۱ ملخصًا
2...افضل الصلوات علی سید السادات، الصلاۃ الحادیۃ عشرۃ، ص ۶۵
3...القول البدیع، الباب الثانی، ص ۲۷۷

بار پڑھنے سے چھ لاکھ دُرُود شریف پڑھنے کا ثواب حاصِل ہوتا ہے۔(1)

﴿5﴾ قُربِ مُصْطَفٰے صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ

ایک دن ایک شَخص آیا تو حُضُورِ اَنور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّم نے اُسے اپنے اور صِدّیقِ اکبر رَضِیَ اللہُ عَنْہُ کے دَرمِیان بِٹھالیا۔ اِس سے صَحابۂ کِرام رَضِیَ اللہُ عَنْھُم کو تَعَجُّب ہوا کہ یہ کون ذِی مَرتبہ ہے! جب وہ چلا گیا تو سرکار صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: یہ جب مُجھ پر دُرُودِ پاک پڑھتا ہے تو یوں پڑھتا ہے۔(2)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

﴿6﴾ دُرُودِ شَفَاعت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْہُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ

شافِعِ اُمَم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّم کا فرمانِ شفاعت نشان ہے: جو شخص یوں دُرودِ پاک پڑھے، اُس کے لیے میری شفاعت واجب ہو جاتی ہے۔(3)

﴿1﴾ ایک ہزار دن کی نیکیاں

جَزَی اللہُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَّا ھُوَ اَھْلُہٗ

حضرتِ ابنِ عباس رَضِیَ اللہُ عَنْھُمَا سے رِوایت ہے کہ سرکارِ مدینہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: اس

1…افضل الصلوات علی سید السادات، الصلاۃ الثانیۃ والخمسون، ص ۱۴۹
2…القول البدیع، الباب الاول، ص ۱۲۵
3…الترغیب والترھیب ج ۲ ص ۳۲۹، حدیث ۳۱

کو پڑھنے والے کے لئے ستّر فِرِشتے ایک ہزار دن تک نیکیاں لکھتے ہیں۔[1]

﴿2﴾ گویا شبِ قدر حاصل کرلی

فرمانِ مُصْطَفٰے صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ: جس نے اس دُعا کو 3 مرتبہ پڑھا تو گویا اُس نے شَبِ قَدر حاصل کرلی۔[2]

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ، سُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

(خُدائے حَلیم و کریم کے سِوا کوئی عِبادت کے لائِق نہیں، اللہ پاک ہے جو ساتوں آسمانوں اور عرشِ عظیم کا پَروردگار ہے۔)

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْب! صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّد

ہفتہ وار اجتماع کے حلقوں کا شیڈول (بیرون ملک)، 07 اپریل 2022ء

(1): سُنّتیں اور آداب سیکھنا: 5 منٹ، (2): دعا یاد کرنا: 5 منٹ، (3): جائزہ: 5 منٹ، کُل دورانیہ 15 منٹ

پانی میں اسراف سے بچنے کے بقیہ آداب

☆ سردیوں میں وُضو یا غسل کرنے نیز برتن اور کپڑے وغیرہ دھونے کیلئے گرم پانی کے حُصُول کی خاطر نل کھول کر پائپ میں جمع شُدہ ٹھنڈا پانی یوں ہی بہا دینے کے بجائے کسی برتن میں پہلے نکال لینے کی ترکیب بنائیے۔ ☆ منہ دھونے کیلئے صابون کا جھاگ بنانے میں بھی پانی احتیاط سے خرچ کیجئے۔ ☆ استِعمال کے بعد ایسی صابون دانی میں صابون رکھئے جس میں پانی بالکل نہ ہو ☆ پی چکنے کے بعد گلاس میں بچا ہوا پانی پھینک دینے کے بجائے دوسرے کو پلا دیجئے یا کسی اور

1 ... مجمع الزوائد، کتاب الادعیة، باب فی کیفیة الصلاة... الخ، ۱۰/۲۵۴، حدیث: ۱۷۳۰۵

2 ... تاریخ ابنِ عساکر، ۱۹/۱۵۵، حدیث: ۴۴۱۵

استعمال میں لیجئے۔☆استنجا خانے میں لوٹا استعمال کیجئے کہ فوارے سے طہارت کرنے میں پانی بھی زِیادہ خرچ ہوتا ہے اور پاؤں بھی اکثر آلودہ ہو جاتے ہیں۔☆نل سے قطرے ٹپکتے رہتے ہوں تو فوراً اِس کا حل نکالئے ورنہ پانی ضائع ہوتا رہے گا۔☆بسا اوقات مساجِد و مدارِس کے نل ٹپکتے رَہتے ہیں مگر کوئی پوچھنے والا نہیں ہوتا! اِنتظامیہ کو اپنی ذِمّہ داری سمجھتے ہوئے اپنی آخِرت کی بہتری کیلئے فوراً کوئی ترکیب کرنی چاہئے۔☆کھانا کھانے، چائے یا کوئی مشروب پینے، پھل کاٹنے وغیرہ مُعامَلات میں خوب احتیاط فرمایئے تاکہ ہر دانہ، ہر غذائی ذرّہ اور ہر قطرہ استِعمال ہو جائے۔(وضو کا طریقہ، ص ۴۷، ۴۶، ۴۵)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

☆آبِ زم زم پیتے وقت کی دُعا

دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اجتماع کے شیڈول کے مطابِق "آبِ زم زم پیتے وقت کی دعا" یاد کروائی جائے گی۔ وہ دُعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ عِلۡمًا نَّافِعًا وَّ رِزۡقًا وَّاسِعًا وَّ شِفَاءً مِّنۡ كُلِّ دَاءٍ۔

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے علمِ نافع کا اور رزق کی کشادگی کا اور ہر بیماری سے شفایابی کا سوال کرتا ہوں۔(مدنی پنج سورہ، ص ۲۱۴)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

☆اجتماعی جائزے کا طریقہ (72 نیک اعمال)

فرمانِ مُصْطَفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم: (آخرت کے معاملے میں) گھڑی بھر غور و فکر کرنا 60 سال کی عبادت سے

بہتر ہے۔(جامع صغیر للسیوطی، ص ۳٦۵، حدیث:۵۸۹۷)

آیئے! نیک اعمال کا رسالہ پُر کرنے سے پہلے "اچھی اچھی نیتیں" کرلیجئے۔

(1) رِضائے الٰہی کے لئے خود بھی نیک اعمال کے رِسالے سے اپنا جائزہ لوں گا اور دوسروں کو بھی ترغیب دوں گا۔

(2) جن نیک اعمال پر عمل ہوا اُن پر اللہ پاک کی حمد (یعنی شکر) بجالاؤں گا۔

(3) جن پر عمل نہ ہو سکا اُن پر افسوس اور آئندہ عمل کرنے کی کوشش کروں گا۔

(4) گناہوں سے بچانے والے کسی نیک عمل پر خدا نخواستہ عمل نہ ہوا تو توبہ و استغفار کے ساتھ ساتھ آئندہ گناہ نہ کرنے کا عہد کروں گا۔

(5) بلا ضرورت اپنی نیکیوں (مثلاً فُلاں فُلاں یا اِتنے اتنے نیک اعمال پر عمل ہے) کا اظہار نہیں کروں گا۔

(6) جن نیک اعمال پر بعد میں عمل ہو سکتا ہے (مثلاً آج 313 بار درود شریف نہیں پڑھے) تو بعد میں یا کل عمل کرلوں گا۔

(7) نیک اعمال کا رسالہ پُر کرنے کے اصل مقصد (مثلاً خوفِ خدا، تقویٰ، اخلاقیات کی درستی، دینی کاموں میں ترقی وغیرہ) کو حاصل کرنے کی کوشش کروں گا۔

(8) کل بھی نیک اعمال کا رسالہ پُر کروں گا (یعنی اعمال کا جائزہ لوں گا)۔

(9) رسمی خانہ پُری نہیں بلکہ جائزے کے ساتھ نیک اعمال کا رسالہ پُر کروں گا۔

آج جن جن نیک اعمال پر عمل کی سعادت پائی، نیچے دیئے گئے خانوں میں صحیح (یعنی اُلٹا رائٹ) کا نشان اور عمل نہ ہونے کی صورت میں (0) کا نشان لگایئے۔

توجہ: اپنے ہی رسالے پر نگاہ رکھتے ہوئے جائزہ لیجیے۔

☆اجتماعی جائزے کا طریقہ (72 نیک اعمال)

یومیہ 56 نیک اعمال:

(1) اچھی اچھی نیتیں کیں؟ (2) پانچوں نمازیں جماعت سے ادا کیں؟ (3) گھر، بازار، مارکیٹ وغیرہ جہاں بھی تھے وہاں نَمازوں کے اَوقات میں نَماز پڑھنے سے قبل نَماز کی دعوت دی؟ (4) رات میں سورۃُ الملک پڑھ یا سُن لی؟ (5) پانچوں نَمازوں کے بعد کم از کم ایک ایک بار آیۃُ الکرسی، سُورۃُ الاِخلاص اور تسبیحِ فاطمہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہا پڑھی؟ (6) کنزُ الاِیمان مع خزائنُ العِرفان یا نُورُ العرفان سے کم از کم تین آیات

ترجمہ و تفسیر کے ساتھ پڑھیں یا سُنیں؟ یا صِراطُ الجنان سے کم و بیش دو صفحات پڑھ یا سُن لئے؟(7) شَجرے کے کچھ نہ کچھ اَوراد پڑھے؟(8) کم از کم 313 بار دُرُود شریف پڑھا؟(9) آنکھوں کو گناہوں (یعنی بدنِگاہی، فلمیں ڈرامے، موبائل پر گندی تصاویر اور ویڈیوز، نامحرم عورتوں اور کزنز وغیرہ کو دیکھنے) سے بچایا؟(10) کانوں کو گناہوں یعنی غیبت، گانے باجوں، بُری اور گندی باتوں، موبائل کی میوزیکل ٹیون، کالر ٹیون وغیرہ وغیرہ سُننے سے بچایا؟(11) راستے میں چلتے ہوئے یا کار یا بس وغیرہ میں سَفَر کے دوران خود کو فضول نِگاہی سے بچاتے ہوئے کیا آج آپ نے نِگاہیں نیچی رکھیں؟ اور بلاضرورت اِدھر اُدھر دیکھنے سے اپنے آپ کو بچایا؟(12) اعلیٰ حضرت رَحمۃُ اللہِ عَلَیْہ یا مکتبۃ المدینہ کی کسی کتاب یا رِسالے یا "ماہنامہ فیضانِ مدینہ" کو کم از کم 12 منٹ پڑھا یا سُنا؟(13) بات چیت، فون پر گفتگو اور کام کاج موقوف کرکے اَذان واِقامت کا جواب دیا؟(14) (گھر میں یا باہر) کسی پر غصّہ آجانے کی صورت میں چُپ رہ کر غُصّے کا عِلاج فرمایا یا بول پڑے؟(15) اپنے اَعمال کا جائزہ لیتے ہوئے نیک اعمال کے رِسالے کے خانے پُر کئے؟(16) "مَرکزی مجلسِ شوریٰ" کے اُصولوں کے مطابق اپنے نگران کی اِطاعت کی؟(17) گھر اور باہر ہر چھوٹے بڑے سے اچّھے انداز سے یعنی آپ جناب اور جی جی کہہ کر گفتگو کی؟(18) مدرسۃُ المدینہ (بالِغان) میں قرآنِ کریم پڑھا، یا پڑھایا؟(19) عِشا کی جماعت سے دو گھنٹے کے اندر اندر سونے کی کوشش کی؟(20) دعوتِ اِسلامی کے دینی کاموں کو اپنے نگران کے دیئے ہوئے شیڈول کے مطابق کم از کم دو گھنٹے دیئے؟(21) صدائے مدینہ لگائی؟(22) اپنے گھر کے جَھروکوں (یعنی باہر دیکھنے کے لئے رکھی گئی کھڑکیوں) سے (بِلاضرورت) باہر نیز کسی اور کے دروازوں وغیرہ سے اُن کے گھروں کے اندر جھانکنے سے بچنے کی کوشش کی؟(23) آپ کے ہاں گھر درس ہوا؟ یا کسی عُذر کی صورت میں آپ کی غیر موجودگی میں گھر درس کا سلسلہ ہوا؟(24) کم از کم ایک مَدَنی درس (مسجد، دُکان، بازار وغیرہ جہاں سہولت ہو) دیا، یا سُنا؟(25) سُنّت کے مطابق لباس (جو لیڈیز کلر مثلاً شوخ یعنی تیز رنگ یا چمکیلا نہ ہو یا ایسے رنگ کا بھی نہ ہو جو شرعاً منع ہے وہ) پہنا؟(26) کیا آپ کا زُلفیں رکھنے کی سُنّت پر عمل ہے؟(27) داڑھی منڈوانے یا ایک مُشت سے گھٹانے کا گناہ تو نہیں کیا؟(28) گناہ ہو جانے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟(29) سُنّت کے مُطابق کھانا کھایا اور کھانے سے پہلے اور بعد کی دُعائیں پڑھیں؟(30) گھر، دفتر، بس، ٹرین وغیرہ میں آتے جاتے اور گلیوں سے گزرتے ہوئے راہ میں کھڑے یا بیٹھے ہوئے مسلمانوں کو سلام کیا؟(31) اِن سُنّتوں پر کچھ نہ کچھ عمل کیا؟ (مسواک، گھر میں آنا جانا، سونا جاگنا، قبلہ رُخ بیٹھنا وغیرہ)؟(32) ظہر کی چار سُنّتِ قَبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟(33) تہجُّد کی نماز پڑھی؟ یا رات نہ سونے کی صورت میں صلوٰۃُ اللَّیل ادا کی؟(34) اوّابین یا اِشراق وچاشت کے نوافل پڑھے؟(35) کیا آج آپ نے عصر یا عشا کی سُنّتِ قَبلیہ پڑھیں؟(36) اِنفرادی کوشش کے ذریعے دعوتِ اِسلامی کے 12 دینی کام میں سے کم از کم ایک دینی کام کی ترغیب دِلائی؟(37) دوسروں سے مانگ کر کوئی چیز (مثلاً چپّل، چادر، موبائل فون، چارجر، گاڑی وغیرہ) اِستعمال تو نہیں کی؟(38) جھوٹ بولنے، غیبت وچُغلی کرنے / سُننے سے بچے؟(39) کچھ نہ کچھ وقت کے لئے "مَدَنی چینل" دیکھا؟(40) کسی ایک یا چند سے دُنیَوی طور پر ذاتی دوستی ہے؟(41) قرض ہونے کی صُورت میں (ادائیگی کی طاقت کے باوُجود) قرض خواہ کی اِجازت کے بغیر قرض ادا کرنے میں تاخیر تو نہیں کی؟ نیز کسی سے عاریتاً (یعنی Temporary) لی ہوئی چیز ضرورت پوری ہونے پر طے کئے ہوئے وقت کے اندر واپس کر دی؟(42) عاجزی کے ایسے الفاظ جن کی تائید دل نہ کرے بول کر نِفاق ورِیاکاری کا جُرم تو نہیں کیا؟ مثلاً لوگوں کے دل میں اپنی عزّت بنانے کے لئے اِس طرح کہنا: "میں حقیر ہوں، کمینہ ہوں" جبکہ دل میں ایسا نہ سمجھتا ہو۔(43) صفائی سُتھرائی کے عادی اور سلیقہ مند ہیں؟(44) کسی

مُسلمان کا عیب ظاہِر ہو جانے پر(بلا مصلحتِ شرعی) اُسکا عیب کسی اور پر ظاہر تو نہیں کیا؟(45) تفسیر سننے سنانے کا حلقہ لگایا، یا شرکت کی؟(46)ہر جائز و عزّت والے کام سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھی ؟(47)چوک درس دیا، یا سُنا؟(48)اپنے والدین اور پیر و مُرشِد کے لئے دُعائے مغفرت اور کچھ نہ کچھ اِیصالِ ثواب کیا؟(49)مسجد، گھر، آفس وغیرہ میں اِسراف سے بچنے کی کوشش کی ؟(50)ٹریفک قوانین کی پابندی کی ؟(51) کسی اِسلامی بھائی(خصوصاذِمّے دار) سے مَعَاذَ اللہ کوئی بُرائی صادِر ہو جائے اور اِصلاح کی ضرورت ہو تو تحریری طور پر، یا مل کر، براہِ راست (نرمی سے) سمجھانے کی کوشِش فرمائی؟ یا مَعَاذَ اللہ بلا اجازتِ شرعی کسی اور پر اِظہار کر کے غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھے ؟(52) زبان کو گناہوں (یعنی اِلزام تراشی، دِل آزاری، گالی گلوچ وغیرہ) سے بچایا؟(53)زبان کو فُضول اِستعمال(یعنی وہ گفتگو جس سے دینی یا دُنیاوی فائدہ نہ ہو)سے بچانے کی عادت بنانے کے لئے کچھ نہ کچھ اِشارے سے گفتگو کی ؟(54)(گھر میں اور باہر)مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے(یعنی کِھل کِھلا کر ہنسنے) سے بچنے کی کوشش کی؟(55)عمامہ شریف باندھا؟(56)ماں باپ کا اَدب و اِحترام بجالائے ؟

قفلِ مدینہ کارکردگی

☆لکھ کر گفتگو 12 مرتبہ ☆اشارے سے گفتگو 12 مرتبہ ☆نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو 12 مرتبہ

ہفتہ وار 10 نیک اعمال

(57)گھر سے اِس ہفتے کسی نہ کسی اِسلامی بہن(مثلاً بہن/بیٹی/والدہ بچوں کی والدہ وغیرہ) کو اسلامی بہنوں کے اِجتماع میں بھیجا؟(58)ہفتہ وار مَدَنی مُذاکرہ دیکھنے/سُننے کی سعادت حاصل کی؟(59)ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اِجتماع میں اوّل تا آخر(یعنی مغرب تا اشراق وچاشت)شرکت کی ؟(60)اِس ہفتے یومِ تعطیل اِعتکاف کی سَعادت پائی؟(61)اِس ہفتے کم از کم کسی ایک مریض یا دُکھیارے کے گھر یا اسپتال جا کر سُنّت کے مطابق عِیادت یا غمخواری یا عزیز کے اِنتقال پر تعزیت کی؟(62)اِس ہفتے پیر شریف(یا رہ جانے کی صُورت میں کسی بھی دن)کا روزہ رکھا؟(63) ہفتہ وار رِسالہ پڑھ یا سُن لیا؟(64)اِس ہفتے کم از کم ایک بار عَلاقائی دورہ کیا؟(65)اِس ہفتے کم از کم ایک اِسلامی بھائی کو(جو پہلے دینی احول میں تھے، یا پہلے اِجتماع میں آتے تھے مگر اب نہیں آتے) تلاش کر کے اُن کو دینی ماحول سے وابستہ کرنے کی کوشش کی؟(66)ہفتہ وار حلقے میں شرکت کی ؟

ماہانہ 3 نیک اعمال

(67) پچھلے اِسلامی مہینے کا نیک اعمال کا رِسالہ فِل یعنی پُر کر کے اپنے نگران وذِمّہ دار کو جمع کروادیا؟(68)اِس ماہ آپ نے کم از کم تین دن کے قافلے میں سفر کیا؟(69)اِس ماہ کسی سُنّی عالِم(یا اِمام مسجد، مؤذِّن، خادِم) کی کچھ نہ کچھ مالی خدمت کی ؟

سالانہ 1 نیک عمل

(70)اِس سال ٹائم ٹیبل کے مطابق ایک مہینے کے قافلے میں سفر فرمایا؟

زندگی بھر کے 2 نیک اعمال

(71)زِندگی بھر کے نصاب کا مُطالعہ فرمالیا؟(72)زندگی میں یک مُشت(یعنی ایک ساتھ)12 ماہ اور مختلف کورسز(12 دینی کام کورس، 7 دِن کا اِصلاحِ اَعمال کورس، 7 دِن کا فیضانِ نماز کورس) کی سعادت حاصل کرلی ؟

دعائے امیرِ اَہلِ سُنّت

یا اللہ پاک! جو کوئی سچے دل سے نیک اعمال پر عمل کرے، روزانہ جائزہ لے کر رسالہ پُر کرے اور ہر اسلامی ماہ کی پہلی تاریخ کو اپنے ذمہ دار کو جمع کروادیا کرے، اُس کو اِس سے پہلے موت نہ دینا جب تک یہ کلمہ نہ پڑھ لے۔ اٰمِیْن بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد